Ministry of Labour

# کام کے گھنٹوں اور اوور ٹائم کی ادائیگی کے بارے میں ملازمین کے لیے معلومات

**اعلان دستبرداری:** یہ وسیلہ ملازمت کے معیارات سے متعلق ایکٹ 2000 (ای ایس اے) (Employment Standards Act, 2000) (ESA) اور ضوابط کے تحت مقرر کردہ بعض کم از کم حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں ملازمین اور آجرین کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ای ایس اے (ESA) یا ضوابط کی جگہ لینا نہیں ہے اور حوالہ ہمیشہ قانون کے باضابطہ ورژن کا ہی دیا جانا چاہیے۔ یوں تو ہم یہ یقینی بنانے کی پوری کوشش کرتے ہیں کہ اس وسیلہ کی معلومات ممکنہ حد تک تازہ ترین اور بالکل درست ہوں، مگر بسا اوقات غلطیاں ہو ہی جاتی ہیں۔ ای ایس اے (ESA) صرف کم از کم معیارات فراہم کرتا ہے۔ بعض ملازمین کو ملازمتی معاہدے، اجتماعی معاہدے، عمومی قانون یا دیگر قانون کے تحت وسیع تر حقوق حاصل ہو سکتے ہیں۔ آجرین اور ملازمین قانونی مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔

کام کے گھنٹوں اور اوور ٹائم کی ادائیگی کے بارے میں یہ اونٹاریو میں عام اصول ہیں۔ کچھ ملازمین کے لیے ملازمتی معیارات سے متعلق ایکٹ 2000 (ای ایس اے) Employment Standards Act, 2000 (ESA) کے تحت استثناء اور خصوصی اصول موجود ہیں۔ یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ کا پیشہ یا جس صنعت میں آپ کام کرتے ہیں وہ خصوصی اصول یا استثناء کا مستوجب ہے، Ontario.ca/ESAtools پر دستیاب روزگار کے معیارات کے خصوصی اصول اور استثناء کا رہنما (Guide to Employment Standards Special Rules and Exemptions) دیکھیں۔

**ای ایس اے (ESA) کے اپنے حقوق بروئے کار لانے پر آپ کا آجر کو خوفزدہ نہیں کر سکتا، آپ کو نوکری سے نہیں نکال سکتا، آپ کو برخاست نہیں کر سکتا، آپ کی تنخواہ کم نہیں کر سکتا، کسی طریقے سے آپ کو سزا نہیں دے سکتا یا ان کارروائیوں کی دھمکی نہیں دے سکتا۔**

## کام کرنے کے گھنٹے

کام کرنے کے گھنٹوں کی بابت زیادہ سے زیادہ یومیہ اور ہفتہ وار حدود یوں ہیں:

- 8 گھنٹے روزانہ، (یا آپ کے مستقل کام کے دن میں گھنٹوں کی تعداد، اگر یہ 8 گھنٹے سے زیادہ ہو)،
- ہفتہ میں 48 گھنٹے۔

## آرام کے وقفے اور کھانے کے وقفے

آپ کا آجر لازمی طور پر آپ کو کم از کم مہیا کرے:

- ہر روز لگاتار 11 گھنٹے کام سے چھٹی (ایک "دن" 24 گھنٹے کا وقفہ ہوتا ہے - یہ تقویمی دن ہونا ضروری نہیں ہے)؛
- شفٹس کے درمیان 8 گھنٹے کام سے چھٹی (الّا یہ کہ شفٹوں میں کیے گئے کام کا کل وقت 13 گھنٹے یا کم ہو، یا آپ اور آپ کے آجر نے الیکٹرانک طریقے سے یا تحریری شکل میں بصورت دیگر اتفاق رائے کیا ہو؛ اور
- کام کرنے کے ہر ہفتے لگاتا ر 24 گھنٹے کام سے چھٹی (یا کام کرنے کے ہر 2 ہفتے کے عرصے میں لگاتار 48 گھنٹے کام سے چھٹی)۔

Ontario

- زیادہ سے زیادہ پانچ گھنٹے کے کام کے بعد 30 منٹ کا کھانے کا وقفہ۔ آپ اپنے آجر کے ساتھ کھانے کے اس وقفے کو دو مختصر تر وقفوں میں منقسم کرنے پر اتفاق کر سکتے ہیں۔

## اوور ٹائم کی ادائیگی

ہفتے میں 44 گھنٹے سے زائد آپ کے کیے گئے کام کے ہر گھنٹے کے لیے، آپ کے آجر پر لازم ہے کہ آپ کی ادائیگی کی مستقل شرح کے کم از کم 1½ گنا ("وقت اور نصف") وقت کی ادائیگی کرے۔ آپ جتنے گھنٹے اوور ٹائم کام کرتے ہیں اس کے لیے با معاوضہ چھٹی پانے کے لیے آپ اپنے آجر کے ساتھ ایک تحریری معاہدہ بھی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نے اس طرح کا کوئی معاہدہ کیا ہے تو آپ نے جتنے گھنٹے اوور ٹائم کام کیا ہے اس کے لیے آپ کے آجر کو آپ کو ایک اور آدھا گھنٹہ کی شرح سے با معاوضہ چھٹی فراہم کرنا ہوگا۔

## کام کرنے کے زائد گھنٹے اور اوور ٹائم کا اوسط نکالنا

***آپ کے لیے ضروری نہیں ہے*** لیکن اگر آپ ***منتخب کریں*** تو آپ اپنے آجر کے ساتھ اس امر پر اتفاق کر سکتے ہیں کہ:

- روزانہ 8 گھنٹے (یا آپ کے مستقل کام کے دن میں گھنٹوں کی تعداد، اگر یہ 8 گھنٹے سے زیادہ ہو) سے زیادہ کام کریں،
- ہفتے میں 48 گھنٹے سے زیادہ کام کریں، اور / یا
- اوور ٹائم کی ادائیگی کا حساب کرتے وقت دو، تین یا چار ہفتے کی مدت تک آپ جتنے گھنٹے کام کرتے ہیں اس کا اوسط نکالا جائے۔

آپ اپنے تحریری معاہدے میں دکھائے گئے گھنٹے سے زیادہ تعداد تک کام نہیں کر سکتے ہیں۔ نیز، آپ کے اوور ٹائم کی ادائیگی کا حساب کرتے وقت، آپ کے کام کرنے کے گھنٹوں کا اوسط سے زیادہ مدت تک نہیں نکالا جا سکتا ہے جو چار ہفتے کی مدت سے زائد ہو – چار گھنٹے زیادہ سے زیادہ مدت ہے)

آپ اپنے آجر کو دو ہفتے کی تحریری نوٹس دے کر زائد یومیہ یا ہفتہ وار گھنٹے کام کرنے کا معاہدہ منسوخ کر سکتے ہیں۔ آپ کا آجر بھی آپ کو معقول نوٹس دے کر معاہدے کو منسوخ کر سکتا ہے۔

جن ملازمین کی نمائندگی یونین کے ذریعہ نہیں کی جاتی ہے اان کے لیے اوور ٹائم کا اوسط نکالنے کے معاہدوں کا ایک تاریخ آغاز اور ایک تاریخ اختتام ہونا ضروری ہے اور اسے تب تک منسوخ نہیں کیا جا سکتا جب تک آپ اور آپ کا آجر دونوں متفق نہ ہوں۔

عام طور پر، اگر آپ کی نمائندگی یونین کے ذریعہ کی جاتی ہے تو، یونین آپ کی جانب سے آپ کے آجر کے ساتھ معاہدے کرے گی۔

## مزید معلومات یا دعوی دائر کرنے کے لئے

اگر ای ایس اے (ESA) کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں تو، وزارت محنت کے ملازمتی معیارات کے مرکز معلومات (Employment Standards Information Centre) کو 416-326-7160 پر، ٹول فری 1-800-531-5551 پر یا TTY 1-866-567-8893 پر کال کریں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

کام کرنے کے گھنٹوں اور اوور ٹائم کی ادائیگی کی بابت مزید معلومات *ملازمتی معیارات کے ایکٹ 2000 کے لیے آپ کا رہنما (Your Guide to the Employment Standards Act, 2000)* میں مل سکتی ہیں جو Ontario.ca/ESAguide پر دستیاب ہے۔ آپ کام کرنے کے گھنٹے اور اوور ٹائم ٹول (Hours of Work and Overtime Tool) بھی آزما سکتے ہیں جو Ontario.ca/ESAtools پر دستیاب ہے۔ دعوی دائر کرنے کے لیے، آپ Ontario.ca/ESAforms پر آن لائن ملازمت کے معیارات کا دعوی فارم (Employment Standards Claim Form) حاصل کرسکتے ہیں۔